iReport.ie آئرلینڈ میں نسلی تعصب کے واقعات کا خلاصہ برائے سال 2022

2022 کے دوران عوام کی جانب سے 600 واقعات کی اطلاع موصول ہوئی تھی۔

- ان میں سے 223 واقعات، نسلی تعصب کی بنیاد پر مجرمانہ سرگرمیوں بشمول حملوں، دھمکیوں، ہراسانی، اور نقصان پہنچانے کے تھے۔
- 190 واقعات نسلی بنیادوں پر غیر قانونی تعصب برتنے کے تھے۔
- 136 واقعات ذرائع ابلاغ یا آن لائن یا عوام میں مقبول شخصیات کی جانب سے نفرت انگیز تقاریر کے تھے۔
- 16 واقعات نسلی تعصب پر مبنی کارٹون بنانے کے تھے۔

2022 کے دوران، ہر پانچ میں سے صرف ایک جرم (20%) کی اطلاع پولیس کو دی گئی، جو کہ 2021 کے مقابلے میں کم شرح فیصد ہے۔

2022 کے دوران حملوں کی تعداد گزشتہ برسوں کی طرح بلند رہی۔ زیادہ تر حملے اجنبی افراد کی جانب سے کیے گئے۔

114 واقعات بار بار دہرائی جانے والی ہراسانی کے تھے جو ہفتوں، مہینوں یا برسوں جاری رہی۔ یہ عام طور پر اسی علاقے میں پیش آئی جہاں نشانہ بننے والا فرد رہائش پذیر تھا، تاہم یہ واقعات کام کی جگہ اور اسکولوں میں بھی پیش آئے۔ 2021 کے مقابلے میں ان میں نمایاں اضافہ ہوا۔

اُنہتر (69) واقعات کام کی جگہ پر یا کام کے لیے درخواست دینے کے موقع پر نسلی تعصب کے تھے۔ نصف سے زیادہ واقعات میں صارفین یا موقع پر موجود ملازمین کے علاوہ افراد ملوث تھے۔

ایک سو گیارہ واقعات افراد کو عوامی نقل و حرکت کے ذرائع، دوکانوں، ہوٹلوں، جمز اور دیگر خدمات کے استعمال تک رسائی دینے سے انکار کے تھے۔ تیرہ واقعات رہائشی سہولیات میں تعصب برتنے کے تھے۔ نسلی بنیادوں پر اشیائے صرف یا خدمات بشمول رہائش تک رسائی دینے سے انکار غیر قانونی ہے۔

نسلی تعصب کے جن واقعات کی اطلاع کی گئی ان میں سے 17% واقعات میں عوامی خدمات کی تنظیمیں بشمول پولیس، تعلیم، سماجی بہبود اور مقامی حکومتوں کے اراکین ملوث تھے۔ عوامی خدمت کی تنظیموں کے لیے لازم ہے کہ وہ عوامی حلقوں میں برابری و ذمہ داری برائے انسانی حقوق 2014 (Public Sector Equality and Human Rights Duty 2014) کی تعمیل کریں، اور افراد سے نسلی بنیادوں پر تعصب نہ برتیں۔

تمام واقعات میں سے16% میں، نیز 51% جرائم میں نسلی تعصب پر مبنی زبان کے استعمال کا مشاہدہ کیا گیا تھا۔

Full report available at: www.inar.ie

https://inar.ie/reportsofracism2022/

Report racism at www.iReport.ie

نسلی تعصب کے 90% واقعات میں شامل افراد کے اوپر نفسیاتی اثرات رپورٹ کیے گئے ہیں۔ 8% واقعات میں جسمانی چوٹیں پہنچیں

Full report available at: www.inar.ie

https://inar.ie/reportsofracism2022/

Report racism at www.iReport.ie